FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

اس سوال نامہ میں 8 صفحات ہیں۔ نئے نصاب میں 19 سوالات ہیں۔

Code No. 49/S/O/U

یہاں رول نمبر ہندسوں میں لکھئے۔

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | |

Set **A**

# URDU

# (اردو)

# ( 206 )

رول نمبر الفاظ میں لکھئے۔ ..........................................

امتحان کی تاریخ اور دن ..........................................

نگران امتحان کے دستخط 1. ..........................................

2. ..........................................

1. طالب علم اپنے سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

2. مہربانی کر کے اپنے سوال نامے کو جانچ لیں کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیں کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

3. طالب علم کو A, B, C اور D میں سے کوئی ایک جواب منتخب کرنا ہے اور الگ سے دیئے گئے جواب نامے میں صحیح جواب لکھیں۔

4. معروضی سوالات کے ساتھ ساتھ سبھی سوالات کے جواب دیئے گئے وقت کے اندر دینے ہیں، معروضی سوالات کے لئے الگ سے وقت نہیں دیا جائے گا۔

5. طالب علم جوابی کاپی میں رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا اور کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اُسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔

6. اپنی جوابی کاپی پر سوال نامے کے کوڈ نمبر 49/S/O/U کو لکھیے۔



FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

# URDU

## (اردو)

## ( 206 )

وقت : 3 گھنٹے | کل نمبر : 100

نوٹ : (1) سارے سوالات لازمی ہیں۔

(2) ہر سوال کے نمبرات اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

.1 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ اور شاعر کا نام بھی بتایئے ۔ 6

کوئی امید بر نہیں آتی - کوئی صورت نظر نہیں آتی

ہستی اپنی حباب کی سی ہے - یہ نمائش سراب کی سی ہے

یا

تھا یہ نعرہ کہ محمدؐ کا نواسا ہوں میں - محمدؐ کو پہچانو خالق کا شناسا ہوں میں

زخمی ہونے سے نہ مرنے سے ہراساں ہوں میں - تیسرا دن ہے یہ گرمی میں کہ پیاسا ہوں میں

چین کیا چیز ہے آرام کسے کہتے ہیں - اس پہ شکوہ نہیں کچھ، صبر اسے کہتے ہیں

.2 درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 8

کبیر داس پڑھے لکھے نہ تھے، نہ انھوں نے کسی مکتب میں باقاعدہ تربیت حاصل کی تھی۔ ممکن ہے کہ ہندو دھرم، تصوف اور اسلام کا علم انھیں سوامی رامانند اور شیخ پیر تقی کی مجلسوں اور صحبتوں سے حاصل ہوا ہو۔ وہ ایک سچے خدا پرست انسان تھے۔ انھیں مال و دولت کا لالچ تھا نہ جسمانی آرائش سے کوئی رغبت تھی۔ دنیا کی ساری آسائشیں ان کے سامنے ہیچ تھیں۔ کبیر داس نے عوام میں پھیلے ہوئے کئی بھرم توڑے۔ انھیں سنیاسوں، بھگتوں اور صوفیوں کی سنگت پسند تھی۔ حاکموں، دولت مندوں اور رسوم کے مارے ہوئے لوگوں سے انھیں کوئی غرض نہ تھی۔ مذہب کے ٹھیکے داروں، پنڈتوں، پروہتوں اور مولویوں سے وہ دور بھاگتے تھے۔

(الف) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کا مصنف کون ہے ؟

(ب) کبیر داس کے دو استاد کون تھے ؟

(ج) کبیر داس کیسے انسان تھے ؟

(د) وہ کن لوگوں سے دور بھاگتے تھے اور کیوں ؟

یا



FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

برس کی آخیر رات کو ایک بڈھا اپنے اندھیرے گھر میں اکیلا بیٹھا ہے۔ رات بھی ڈراونی اور اندھیری ہے۔ گھٹا چھا رہی ہے۔ بجلی تڑپ تڑپ کر کڑکتی ہے۔ آندھی بڑے زور سے چلتی ہے۔ دل کانپتا ہے اور دم گھبراتا ہے۔ بڈھا نہایت غمگین ہے مگر اس کا غم نہ اندھیرے گھر پر ہے نہ اکیلے پن پر اور نہ اندھیری رات اور نہ بجلی کی کڑک اور آندھی کی گونج پر اور نہ برس کی آخیر رات پر۔ وہ اپنے پچھلے زمانے کو یاد کرتا ہے۔ اور جتنا زیادہ یاد آتا ہے، اتنا ہی غم بڑھتا ہے۔ ہاتھوں سے ڈھکے ہوئے منہ پر آنکھوں سے آنسو بھی بہے چلے جاتے ہیں۔

(الف) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کا مصنف کون ہے ؟

(ب) اندھیری رات کے جو مناظر پیش کیے گیے ہیں انھیں اپنے الفاظ میں لکھیے۔

(ج) بڈھا کس بات پر غمگین ہے ؟

(د) بڈھے کی گھبراہٹ کس بات سے ظاہر ہورہی ہے ؟

.3 غزل کی تعریف لکھیے اور بتائیے کہ مقطع کسے کہتے ہیں۔ مثال بھی دیجیے۔ 5

یا

مرثیے کی تعریف لکھیے اور اس کے اجزائے ترکیبی کے نام لکھیے۔

.4 ڈرامے کی تعریف لکھیے اور دو مشہور ڈرامہ نگاروں کے نام لکھیے۔ 4

یا

افسانے کی تعریف لکھیے اور دو مشہور افسانہ نگاروں کے نام لکھیے۔

.5 درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 10

(1) اگر میں فلم ایکٹر ہوتا / ہوتی

(2) چڑیا گھر کی سیر

(3) عورتوں کی حفاظت کا مسئلہ اور اس کا حل

(4) تعلیم کا حق



FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

.6 آپ گھومنے کے لیے کشمیر جانا چاہتے ہیں۔ آپ کا دوست کشمیر میں رہتا ہے۔ اپنے دوست کو خط لکھ کر اسے اطلاع دیجئے کہ آپ کشمیر آرہے ہیں اور اس کے گھر پر ٹھہریں گے۔ 8

یا

اپنے علاقے کے ہیلتھ آفیسر کو درخواست لکھ کر علاقے میں پھیلی ہوئی گندگی اور اس سے ہونے والے نقصانات کے بارے میں بتا کر ان سے صفائی کرانے کی گزارش کیجئے۔

.7 کمپیوٹر کی اقسام اور استعمال پر ایک نوٹ لکھیے۔ 4

یا

کھیل کے میدان میں ٹی وی کی کیا اہمیت ہے ؟

.8 (الف) میر تقی میؔر کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔ 6

(ب) حالؔی کے کلام کی خصوصیات لکھیے۔

یا

(الف) میر انیس کے انداز بیان کی خصوصیات لکھیے۔

(ب) '' مثنوی چاندنی رات کا منظر'' میں شاعر نے جوگن کے حسن کی تعریف کس طرح کی ہے ؟

.9 نظم ''اے شریف انسانو!'' میں شاعر نے جنگ کو ایک مسئلہ کیوں کہا ہے ؟ 4

.10 نظم ''کشمیر'' میں کشمیر کی خوب صورتی کا نقشہ کس طرح کھینچا ہے ؟ 4

.11 صالحہ عابد حسین کی افسانہ نگاری کی خصوصیات لکھیے۔ 4

یا

غالبؔ کے خطوط پر ایک نوٹ لکھیے۔

.12 سبق ''گزرا ہوا زمانہ'' میں سرسید نے قوم کے نوجوانوں کو کیا پیغام دیا ہے ؟ 3



FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

.13 سبق ''عیدگاہ'' میں امینہ کے کردار پر ایک نوٹ لکھیے۔ 3

.14 کبیر کا پیغام کیا تھا ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3

.15 درج ذیل کے محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے : 2

بال بیکا نہ ہونا ۔ ایڑی چوٹی کا زور لگانا۔

.16 اسم نکرہ اور اسم معرفہ کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجئے۔ 2

.17 تشبیہ کی تعریف کیجئے اور مثال بھی دیجیے۔ 2

.18 صنعت تضاد کی تعریف کیجئے اور مثال کے لئے ایک شعر لکھئے۔ 2

.19 ذیل میں ایک سوال کے چار جواب دیے گئے ہیں۔ درست جواب چن کر اپنی کاپی میں لکھیے۔ 20

(i) بوڑھے کے ماں باپ، بھائی بہن اور دوست اس سے کیا کہتے تھے ؟

(A) اب بھی وقت ہے (B) ہائے بیٹا! وقت گزر گیا۔

(C) گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں (D) وقت سب سے بڑی دولت ہے

(ii) حامد نے چمٹا کیوں خریدا ؟

(A) اس کی دادی نے اس سے چمٹا لانے کو کہا تھا

(B) اسے دوستوں کو بتانا تھا کہ اس نے مضبوط کھلونا خریدا ہے

(C) اس کی دادی کے ہاتھ روٹی پکاتے وقت جل جاتے تھے

(D) وہ بے وقوف تھا

(iii) ہندوستان کے آریہ اور ایران کے آریہ کو ایک دوسرے کو سمجھنے میں دیر نہیں لگی کیونکہ :

(A) وہ ایک دوسرے سے محبت کرتے تھے (B) وہ ایک دوسرے کے رشتہ دار تھے

(C) وہ ایک زبان بولتے تھے (D) وہ دونوں ایک ہی نسل کے تھے



FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com

(iv) پگڑی اتارنے والا کون ہے ؟

(A) جسے شیخ سے مارا گیا (B) جو اپنی جان نثار کرتا ہے

(C) جس کی پگڑی اتاری گئی (D) پگڑی بھی آدمی کی اتارے ہے آدمی

(v) کوئی امید بر نہیں آتی ۔ کوئی صورت نظر نہیں آتی

اس شعر کا بنیادی تصور کیا ہے ؟

(A) امید کا ذکر (B) زندگی کی محرومی

(C) صورت کا بیان (D) زندگی کی خوشی

(vi) 'دلِ مضطر' کے معنی کیا ہیں ؟

(A) بے قرار دل (B) خواہش مند دل

(C) جس دل میں کوئی آرزو نہ ہو (D) بے درد دل

(vii) دلِ مضطر سے پوچھ اے رونقِ بزم ۔ میں خود آیا نہیں لایا گیا ہوں

'رونقِ بزم' اس شعر میں کس روپ میں استعمال ہوتا ہے ؟

(A) استعارہ (B) تشبیہ

(C) اضافت (D) کنایہ

(viii) ضمیر کسے کہتے ہیں ؟

(A) کسی چیز کے نام کو (B) کسی جگہ کے نام کو

(C) کسی کتاب کے نام کو (D) اسم کی جگہ استعمال ہونے والے لفظ کو

(ix) افراد جمع ہے :

(A) ایک شعر کی (B) فہرست کی

(C) امیر کی (D) فرد کی

(x) '' اجی مرغی اذان دیتی بھلی نہ لگے ہے'' کیا ہے ؟

(A) تشبیہ (B) استعارہ

(C) محاورہ (D) کہاوت

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

(xi) غالب کے 'کشتی نوح' میں رہنے کا مطلب ہے :

(A) غالب 'کشتی نوح' نام کے جہاز پر تین مہینے تک سوار رہے۔

(B) غالب 'نوح کی کشتی' نام کی کتاب تین مہینے تک پڑھتے رہے۔

(C) نوح کی کشتی تین مہینے تک پانی پر تیرتی رہی تھی۔

(D) غالب کو اپنا ٹپکتا ہوا مکان نوح کی کشتی جیسا لگتا ہے، جس میں انھیں تین مہینے گزارنے پڑے۔

(xii) غزل کے سب سے اچھے شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

(A) مطلع (B) مقطع

(C) شاہ بیت (D) مطلع ثانی

(xiii) ''ہستی اپنی حباب کی سی ہے'' اس مصرعے میں کس کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے ؟

(A) ہستی کو حباب سے (B) حباب کو ہستی سے

(C) نمائش کو زندگی سے (D) نمائش کو سراب سے

(xiv) سہل ممتنع سے کیا مراد ہے ؟

(A) شعر سادہ ہو

(B) شعر معنی خیز ہو

(C) شعر میں جدت ہو

(D) شعر سادہ، چھوٹی بحر کا اور خیال انگیز ہو اور اس کی نثر کرنا آسان نہ ہو

(xv) مترادف الفاظ سے کیا مراد ہے ؟

(A) دو لفظ ہوں مگر معنی کے اعتبار سے تقریباً ایک ہوں

(B) دو لفظ معنی کے اعتبار سے ایک دوسرے کی ضد ہوں

(C) دو لفظ ایک سے زیادہ معنی رکھتے ہوں

(D) دو لفظ املا کے اعتبار سے ایک جیسے ہوں



FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

(xvi) مرکب لفظ کی تعریف کیا ہے ؟

(A) جب دو بامعنی لفظ ایک جگہ آکر اپنا مفہوم پیدا کریں

(B) جب تین الگ الگ لفظ مل کر کوئی لفظ بنائیں

(C) جب کسی لفظ کے ساتھ دوسرا لفظ ملایا جائے

(D) ان میں سے کوئی نہیں

(xvii) نظم ''ایک آرزو'' کے ذریعے شاعر محمد اقبال نے :

(A) رونے کا پیغام دیا ہے　　(B) مایوسی کا پیغام دیا ہے

(C) ترکِ دنیا کی تعلیم دی ہے　　(D) غافل لوگوں کو جگانا چاہا ہے

(xviii) ظلمت و نور میں کچھ بھی نہ محبت کو ملا ۔ آج تک ایک دھندلکے کا سماں ہے کہ جو تھا

اس شعر میں ظلمت و نور کو کس طور پر استعمال کیا گیا ہے ؟

(A) تشبیہ　　(B) مترادف

(C) متضاد　　(D) استعارہ

(xix) پہلا کمپیوٹر کس سن میں بنایا گیا ؟

(A) 1938ء　　(B) 1946ء

(C) 1948ء　　(D) 1960ء

(xx) ماس میڈیا کی کتنی قسمیں ہیں ؟

(A) دو　　(B) چار

(C) پانچ　　(D) چھ

- o O o -



FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com